# کشتی کھیلنے کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ کشتی کھیلنا کیسا ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر کُشتی صحیح مقصد کے لئے کھیلی جائے جیسے ورزش، جسم کی تندرستی وغیرہ، تو کشتی کھیلنا فی نفسہ جائز ہے اور اگر اس نیت سے ہو کہ جسم میں قوت آئے اور کفار سے لڑنے میں کام دے تو ثواب کا کام ہے، جبکہ کوئی اور شرعی خرابی نہ ہو، جیسے نمازیں قضا ہونا، ستر کا ظاہر ہونا، جوا لگانا وغیرہ، لیکن! اگر صرف لہو ولعب کے طور پر کھیلی جائے تو مکروہ اور اگر ستر کھول کر کشتی لڑی جائے، جیسا کہ آج کل عموماً ہوتا ہے تو ناجائز و حرام ہے، اسی طرح اس کی وجہ سے کوئی نماز قضا کرنا بھی جائز نہیں۔

درمختار میں ہے "والمصارعة لیست ببدعة الا للتلهی فتکره" ترجمہ: اور کشتی لڑنا بدعت نہیں ہے مگر جبکہ لہو ولعب کے طور پر ہو تو اس صورت میں وہ مکروہ ہے۔ (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج09، ص666، مطبوعہ: کوئٹہ)

امام اہل سنت الشاہ امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ہر کھیل اور عبث فعل، جس میں نہ کوئی غرضِ دین، نہ کوئی منفعتِ جائزہ دنیوی ہو، سب مکروہ و بے جا ہیں، کوئی کم، کوئی زیادہ۔ (فتاوی رضویہ، جلد24، صفحہ78، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

بہار شریعت میں ہے "کشتی لڑنا اگر لہو ولعب کے طور پر نہ ہو بلکہ اس لیے ہو کہ جسم میں قوت آئے اور کفار سے لڑنے میں کام دے، یہ جائز و مستحسن و کارِ ثواب ہے بشرطیکہ ستر پوشی کے ساتھ ہو۔ آج کل برہنہ ہو کر صرف ایک لنگوٹ یا جانگیا پہن کر لڑتے ہیں کہ ساری رانیں کھلی ہوتی ہیں یہ ناجائز ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم نے رکانہ سے کشتی لڑی اور تین مرتبہ پچھاڑا، کیونکہ رکانہ نے یہ کہا تھا کہ اگر آپ مجھے پچھاڑ دیں تو ایمان لاؤں گا پھر یہ مسلمان ہو گئے۔"

(بہار شریعت، ج03، حصہ16، ص512، مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب :** مولانا محمد سعید عطاری مدنی

**فتوی نمبر :** WAT-4222

**تاریخ اجراء :** 19ربیع الاول1447ھ/13ستمبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net